مولانا اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق

تعارف وتبصرہ کتب

● **کتابیات مفتی اعظمؒ** .... مؤلف پروفیسر بشیر حسین حامد

مفتی اعظم مولانا مفتی محمد شفیعؒ تعارف کے محتاج نہیں اپنی کثیر الجہت علمی ، دینی ،تحقیقی ،تصنیفی اور اصلاحی خدمات کی وجہ سے اس صدی کے نابغہ روزگار شخصیات میں سے ایک ہیں، دیگر میدانوں کے علاوہ تصنیف وتالیف ان کا خاص مشغلہ رہا۔قرآن وحدیث ،فقہ وفتاویٰ ،ادب وتاریخ ،تصوف وارشاد وغیرہ میں ایک وسیع وعریض ذخیرہ چھوڑ گئے۔ضرورت اس امر کی تھی کہ حضرت مفتی صاحب مرحوم کے علمی کام اوران کی شخصیت کے حوالے سے ہونے والے تحقیقات کو جدید فہرست سازی میں لایا جائے تا کہ طالبان حق اپنی اپنی ضرورت اور ذوق کے مطابق استفادہ کرسکیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے پروفیسر حافظ بشیر حسین حامد صاحب کو جن کو اللہ تعالیٰ نے اکابر علماء دیوبند کے کتابیات جمع کرنے کا ستھرا ذوق عطا فرمایا ہے اس سے پہلے کتابیات طیبؒ، کتابیات درخواستیؒ،اور کتابیات قاضی زاہد الحسینیؒ وغیرہ پر کام کر چکے ہیں،مگر زیر تبصرہ کتاب ''کتابیات مفتی اعظم''ان کی عمدہ اور تفصیلی کاوش ہے۔

کتابیات کے ابواب میں ''حیات مفتی اعظم ایک نظر میں'' ، ماخذ ومراجع کتابیات مفتی اعظمؒ، قرآنیات،حدیث،فقہ،سیرت وختم نبوت، اصلاح وتصوف،معیشت وسیاست،تاریخ وسوانح،زبان وادب، متفرقات کے علاوہ کتابوں میں مشمولہ مقالات مضامین، رسائل وجرائد میں مطبوعہ مقالات ومضامین، کتابوں میں مطبوعہ خطبات ومجالس رسائل وجرائد میں مطبوعہ خطبات ومجالس وغیرہ جیسے اہم موضوعات شامل ہیں،اس کیساتھ ساتھ حضرت مفتیؒ کی مختلف کتابوں پر لکھے گئے مقدمات،تقریظات اور مختلف لوگوں کے نام لکھے گئے مکتوبات کا انڈکس بھی شامل ہے۔حضرت مفتی صاحبؒ کے حوالے ریسرچ کرنے والوں کیلئے یہ گوہر نایاب سے کم نہیں۔ کتاب پر حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کی تقریظ نے مزید چار چاند لگادیئے۔ جدید تقاضوں کے مطابق تیار کردہ اس انڈکس میں ہر طبقہ کے محققین کیلئے سامان ذوق موجود ہے۔کتاب کی دورنگا طباعت،۲۰۸صفحات ،امپورٹڈ کاغذ اور بہترین لے آؤٹ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ مفتی تقی عثمانی صاحب نے اپنے والد کی علمی میراث کی حفاظت میں کوئی کسر نہ چھوڑی ۔ کتاب مکتبہ معارف القرآن کراچی نمبر۱۴ 021-35031565 سے دستیاب ہے۔ (مبصر:اسرار مدنی)